نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیوسائنسز انٹرنیشنل (کیبی) کے مابین فوڈ سیکیورٹی کو بہتر بنانے کے لئے "پلانٹ وائز پلس پروگرام" کے لئے مفاہمتی یاداشت پر دستخط۔

اس معاہدہ کے تحت پودوں کی بیماریوں کی تشخیص کے لئے پلانٹ کلینکس کے نیٹ ورک کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا جس سے ضرر رساں کیڑوں و بیماریوں کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی اور زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید

لاہور: 07اپریل2023ء (   ) محکمہ زراعت پنجاب اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنسز انٹرنیشنل (کیبی) کے مابین فوڈ سیکیورٹی کو بہتر بنانے کے لئے "پلانٹ وائز پلس پروگرام" کے لئے مفاہمتی یاداشت پر دستخط ہوئے جس کی رو سے محکمہ زراعت اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنسز انٹرنیشنل مل کر کام کریں گے اور پلانٹ کلینکس کے نیٹ ورک کو ڈیجیٹلائز کرکے ای۔پلانٹ کلینکس کا قیام عمل میں لایا جائے گا جس سے کاشتکاروں کو فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص میں آسانی ہوگی اور ملکی فوڈ سیکیورٹی کے حصول میں مدد ملے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں 2012ء سے اب تک محکمہ زراعت 700 پلانٹ کلینکس کے ساتھ پلانٹ وائز پروگرام چلا رہا ہے لیکن بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات،نقصان دہ کیڑوں اور بیماریوں کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان ان چھ ممالک میں شامل ہے جو پلانٹ وائز پلس پروگرام کے تحت فصلوں کی بیماریوں کی تشخیص و کنٹرول سے فوڈ سیکیورٹی کے حصول کو یقینی بنا رہے ہیں۔اس پروگرام کے تحت پلانٹ کلینکس کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا جس سے فصلوں پر حملہ کرنے والے کیڑوں کے کنٹرول سے متعلق بروقت آگاہی اور اُن کے تدارک کیلئے موثر حکمت عملی پر عمل کیا جائے گا۔اس کے علاوہ چھوٹے کاشتکاروں کو فصلوں کے متعلق مسائل کے حل کے لئے ڈیجیٹل ایڈوائزری اُن کے موبائل فون پر جاری کی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت پنجاب میں بڑے پیمانے پر دوست کیڑوں کی افزائش کے لئے مظفر گڑھ میں کمرشل بائیو کنٹرول لیبارٹری کا قیام عمل میں لایا جائے گا جس سے کسانوں کو فصلوں کے ضرر رساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے دوست کیڑے مہیا کئے جائیں گے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی نے کہا کہ فصلوں کی بیماریوں کی بروقت تشخیص کے لئے جاری پلانٹ کلینکس پروگرام کو زیادہ موثر بنایا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں اب تک 4لاکھ سے زائد کاشتکار اس سہولت سے مستفید ہو چکے ہیں۔اب اس معاہدہ کے تحت محکمہ زراعت ڈیجیٹلائزڈ پلانٹ کلینکس کے ذریعے کاشتکاروں کو کیڑوں اور بیماریوں کے کنٹرول کے لئے بروقت راہنمائی اور موثر اقدامات کو یقینی بنائے گا۔اس موقع پر سینئر ریجنل ڈائریکٹر فار کیبی ایشیاء ڈاکٹر بابر احسان باجوہ نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب اور کیبی کے اشتراک کے ذریعے پورے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ کیا جائے گا جس سے فصلات پر کیڑوں و بیماریوں کے حملہ میں کمی واقع ہوگی۔انھوں نے مزید کہا کہ سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیوسائنسز انٹرنیشنل اب تک محکمہ زراعت (توسیع) کے 1400 کارکنان کو عملی تربیت فراہم کر چکا ہے جو پلانٹ کلینکس پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔اس موقع پر کنٹری کوآرڈینیٹر پلانٹ وائز پروگرام فار پاکستان ڈاکٹر نعیم اسلم نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام ایک گیم چینجر ثابت ہوگا جس سے فصلوں کے نقصانات میں کمی اور کاشتکاروں کی آمدن میں اضافہ ہوگا جس سے ملک میں فوڈ سیفٹی اور سیکیورٹی کا حصول ممکن بنایا جا سکے گا۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) رانا فقیر احمد،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر و دیگر اعلیٰ عہدداران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆